# سیلیکٹیو ہائی سکولز اور اپرچیونٹی کلاسز کے متعلق رہنمائی

سیلیکٹیو ہائی سکولز اور اپرچیونٹی کلاسز سے مراد سپیشلسٹ سکولوں کے ماحول ہیں جو **زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں** کو ایک جگہ اکٹھا کرتے ہیں۔

اپنے جیسی صلاحیتیں رکھنے والے ہم جماعتوں کے ساتھ سیکھنے سے طالبعلموں کی تعلیمی ترقی میں مدد ملتی ہے اور وہ خوش و خرم رہتے ہیں۔

یہ طالبعلم بھی NSW کا نصاب پڑھتے ہیں لیکن اساتذہ زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کے لیے خاص تدریسی تدابیر استعمال کر سکتے ہیں۔

## سیلیکٹیو ہائی سکولز

سیلیکٹیو ہائی سکولز کی 4 قسمیں ہیں:

- **مکمل سیلیکٹیو ہائی سکولز** – یہ ایسے سکول ہیں جہاں تمام طالبعلم ایک داخلہ ٹیسٹ کے بعد چنے گئے ہوں
- **جزوی سیلیکٹیو ہائی سکولز** – یہ ایسے سکول ہیں جہاں چنے گئے طالبعلم بھی ہوتے ہیں اور مقامی علاقے کے طالبعلم بھی
- **زرعی سیلیکٹیو ہائی سکولز** – یہ ایسے سکول ہیں جہاں زراعت کی تعلیم کو اہمیت دی جاتی ہے اور تمام طالبعلم تعلیمی استعداد کے پیش نظر چنے جاتے ہیں۔ ان میں سے کچھ سکولوں میں بورڈنگ کا انتظام بھی ہوتا ہے یعنی طالبعلم سکول میں رہتے ہیں
- **Aurora College** - یہ آن لائن سیلیکٹیو کلاسز ہیں۔ یہ دیہی اور دور دراز علاقوں میں مقامی پبلک ہائی سکولز میں فراہم کی جاتی ہیں۔

## اپرچیونٹی کلاسز

اپرچیونٹی کلاسز ایئر 5 اور ایئر 6 کے زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کے لیے ہیں۔ یہ کلاسز پورے NSW میں کئی پبلک پرائمری سکولوں میں پیش کی جاتی ہیں۔

Aurora College دیہی اور دور دراز علاقوں کے طالبعلموں کو ان کے مقامی پبلک سکولوں میں آن لائن اپرچیونٹی کلاسز فراہم کرتا ہے۔

## یہ کہاں واقع ہیں؟

سیلیکٹیو ہائی سکولز اور اپرچیونٹی کلاسز NSW کے میٹروپولیٹن، ریجنل اور دیہی علاقوں میں دستیاب ہیں۔ اپنے قریب سکول تلاش کرنے کے لیے نقشے چیک کریں۔

- اپرچیونٹی کلاس تلاش کریں
- سیلیکٹیو ہائی سکول تلاش کریں

# مجھے کیسے پتہ چل سکتا ہے کہ آیا یہ میرے بچے کے لیے مناسب ہے؟

کیا آپ کا بچہ:

- شوق سے سیکھتا ہے
- بہت زیادہ تجسّس رکھتا ہے
- اچھی یادداشت کا مظاہرہ کرتا ہے
- پیچیدہ سوالات پوچھتا ہے
- کم مرتبہ دہرانے سے ہی نئی چیزیں سیکھ لیتا ہے
- تخلیقی سوچ کا مظاہرہ کرتا ہے
- اپنی دلچسپی یا شوق کے معاملات میں پوری توجہ دیتے ہوئے کھو جاتا ہے؟

اگر ان میں سے کچھ باتیں آپ کے بچے میں ہیں تو اپرچیونٹی کلاس یا سیلیکٹیو ہائی سکول آپ کے بچے کے لیے مناسب ہو سکتا ہے۔

# درخواست کیسے دی جاتی ہے؟

درخواست دینے کے عرصے میں والدین یہاں آن لائن درخواست دیتے ہیں: shsoc.education.nsw.gov.au

## 2026 میں اپرچیونٹی کلاس یا سیلیکٹیو ہائی سکول میں داخلہ

2026 میں داخلے کے لیے درخواست دینے کا عرصہ **7 نومبر 2024** سے **21 فروری 2025** تک ہے۔

## میرا بچہ سکول کے کس سال میں ہو تو مجھے درخواست دینی چاہیے؟

**اپرچیونٹی کلاسز**

والدین تب درخواست دیتے ہیں جب بچہ 2024 میں ایئر 3 کے اختتام کے قریب ہو یا 2025 میں ایئر 4 کے آغاز میں ہو۔

**سیلیکٹیو ہائی سکولز**

والدین تب درخواست دیتے ہیں جب بچہ 2024 میں ایئر 5 کے اختتام کے قریب ہو یا 2025 میں ایئر 6 کے آغاز میں ہو۔

درخواست کے عمل اور آسٹریلیا میں شہریت/مستقل رہائش/ویزے کے تقاضوں کے متعلق ہماری ویب سائیٹ پر اپرچیونٹی کلاسز کے لیے کون درخواست دے سکتا ہے اور سیلیکٹیو ہائی سکولز کے لیے کون درخواست دے سکتا ہے پر مزید معلومات حاصل کریں۔

# داخلہ ٹیسٹ

آپ کے درخواست دینے کے بعد آپ کے بچے کو ایک ٹیسٹ دینا ہو گا۔ پھر طالبعلموں کو ٹیسٹ میں کارکردگی کی بنیاد پر داخلے کے لیے چنا جاتا ہے۔

## ٹیسٹ کب ہے؟

ٹیسٹ **جمعہ 2 مئی** سے **اتوار 4 مئی 2025** تک تین دن کے عرصے میں ہو گا۔

طالبعلم صرف ایک دن ٹیسٹ دیں گے اور انہیں داخلہ ٹیسٹ دینے کے لیے اپنا کمپیوٹر لانے کی ضرورت **نہیں** ہو گی۔

## ٹیسٹ میں کیا ہوتا ہے؟

اس ٹیسٹ میں دیکھا جاتا ہے کہ طالبعلم جو پڑھتے ہیں، اسے کتنی اچھی طرح سمجھتے ہیں اور ریاضی اور اپنی سوچنے کی صلاحیت کو استعمال کرتے ہوئے منطقی نتیجے کیسے نکالتے ہیں۔ سیلیکٹیو ہائی سکولز کے درخواست گزاروں کو لکھنے کی صلاحیت کا ٹیسٹ بھی دینا ہوتا ہے۔

یہاں مزید معلومات حاصل کریں: داخلہ ٹیسٹ

# مجھے اپنے بچے کا نتیجہ کب معلوم ہو گا؟

بچے کے ٹیسٹ دینے کے بعد آپ کو ٹرم 3 میں ایک ای میل ملے گی جس میں بچے کی ٹیسٹ میں کارکردگی اور اگلے مراحل کا ذکر ہو گا۔ اگر آپ کے بچے کو داخلے کی پیشکش ملے تو آپ کو یہ معلومات ملیں گی کہ داخلہ کیسے لیا جاتا ہے۔

# داخلوں کا منصفانہ ماڈل

داخلوں کا منصفانہ ماڈل (Equity Placement Model) تمام طالبعلموں کے لیے سیلیکٹیو ہائی سکولز اور اپرچیونٹی کلاسز تک منصفانہ رسائی ممکن بناتا ہے۔

اس ماڈل کے تحت ہر سیلیکٹیو ہائی سکول اور اپرچیونٹی کلاس میں 20٪ تک نشستیں ایسے زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کے لیے مخصوص ہیں جو:

- سماجی و تعلیمی لحاظ سے کم وسیلہ علاقوں سے ہوں
- ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر پس منظر رکھتے ہوں
- دیہی اور دور دراز علاقوں سے ہوں
- معذور ہوں۔

مخصوص نشستیں طالبعلموں کو داخلہ ٹیسٹ میں کارکردگی کی بنیاد پر پیش کی جاتی ہیں۔

منصفانہ رسائی کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں۔

**NSW کے تمام پبلک سکولوں میں ذہین طالبعلموں کو سہارا دینا**

سیلیکٹیو ہائی سکولز اور اپرچیونٹی کلاسز ان بہت سے طریقوں میں سے صرف ایک ہیں جن سے NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کو سہارا دیتا ہے۔

زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کو NSW کے تمام پبلک سکولوں میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا پورا موقع ملتا ہے۔ ڈیپارٹمنٹ کی زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کی تعلیم کے لیے پالیسی کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں۔

# کیا آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے؟

مزید تفصیلی معلومات کے لیے مندرجہ ذیل ویب پیجز دیکھیں۔

## والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے ویب پیجز

- **سیلیکٹیو ہائی سکولز اور اپرچیونٹی کلاسز:** education.nsw.gov.au/shs-oc
- **سیلیکٹیو ہائی سکولز:** education.nsw.gov.au/shs-yr7
- **اپرچیونٹی کلاسز:** education.nsw.gov.au/oc

## طالبعلموں کے لیے ویب پیجز

- **طالبعلموں کے لیے سیلیکٹیو ہائی سکولز اور اپرچیونٹی کلاسز کے متعلق معلومات:** edu.nsw.link/shs-oc-students
- **اپرچیونٹی کلاس میں داخلے کی درخواست دینا:** طالبعلموں کے لیے وسائل کا مرکز: edu.nsw.link/OChub
- **سیلیکٹیو ہائی سکول میں داخلے کی درخواست دینا:** طالبعلموں کے لیے وسائل کا مرکز: edu.nsw.link/SHShub

## سوشل میڈیا

ہمارے ڈیپارٹمنٹ کے آفیشل فیس بک گروپس میں شامل ہوں:

- **سیلیکٹیو ہائی سکول میں داخلہ:** edu.nsw.link/shs-fb
- **اپرچیونٹی کلاسز:** edu.nsw.link/oc-fb

## ہم سے رابطہ کریں

سیلیکٹیو ایجوکیشن یونٹ (Selective Education Unit) سے یہاں رابطہ کریں:

**ای میل:** ssu@det.nsw.edu.au

**فون:** 1300 880 367

**ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس: 131 450**

اگر آپ کو بات کرنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور آپریٹر کو:

- اپنی مطلوبہ زبان بتائیں
- اور وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں۔

آپریٹر سیلیکٹیو ایجوکیشن یونٹ سکول کا فون نمبر (1300 880 367) ملا کر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

CC BY